سوال

(867)غلام رسول ، غلام نبی ، نبی بخش ، غلام حسین ، ولی بخش نام ..الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا فرماتے ہیں علماء کرام کتاب وسنت کی روشنی میں ان ناموں کے بارے میں کیا یہ رکھنا درست ہیں مثلاً غلام رسول ، غلام نبی ، نبی بخش ، غلام حسین ، ولی بخش ، غلام فرید یا اسی طرح کے کچھ دوسرے ناموں کے بارے میں کیونکہ کچھ لوگ غلام کے معنی فرمانبردار کے کر کے رکھ لیتے ہیں ؟ مجیب الرحمن بن عمر دین ضلع بہاولنگر

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نبی بخش ، ولی بخش جیسے نام درست نہیں کیونکہ اولاد اللہ ہی بخشتا ہے {يَهَبُ لِمَن يَشَآءُ إِنَٰثًا وَيَهَبُ لِمَن يَشَآءُ الذُّكُورَ} 1 الآیۃ [بخشتا ہے جس کو چاہے بیٹیاں اور بخشتا ہے جس کو چاہے بیٹے] غلام رسول ، غلام نبی ، غلام حسین ، غلام فرید جیسے نام درست ہیں بشرطیکہ غلام بمعنی خادم ہو۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[الشوریٰ ۴۹ پ ۲۵]

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد 01 ص 546

محدث فتویٰ